# Govt. of Karnataka
# Department of School Education (Pre-University)
# Model Question Paper - 1

| | |
|---|---|
| Class: I Year PUC | Academic Year: 2024-25 |
| Subject: URDU (08) | Maximum Marks: 80 |
| Time: 3:00 Hours | No. of Questions: 51 |

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔
۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ ''الف''
کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہیں کی جانچ ہوگی۔

## حصہ - ''الف''

I. (الف) درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 5X1=5

1. حضورِ اکرمؐ کے دادا عبدالمطلب کی پیشن گوئی کیا تھی؟
A. میرا یہ فرزند ایک دن نسلِ انسانیت کا رہبر ہوگا۔ B. آپؐ پر قرآن نازل ہوگا۔
C. حضورِ اکرمؐ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ہوں گے۔ D. دیانت اور ایمان داری سے تجارت کریں گے۔

2. نماز و دعا کے بعد سلیم دل ہی دل میں کونسے الفاظ دہرا رہا تھا؟
A. میم صاحب، میم صاحب B. اللہ اکبر، اللہ اکبر
C. توبہ توبہ D. درہم برہم

3. یوسفی کے نزدیک خانساماں کے پیشے میں زوال کا سب سے اہم سبب ہے۔
A. خانساماں کا نااہل ہونا B. کھانے کے شوقین طبقے کا ختم ہونا
C. جدید کھانے پکانے کے طریقے نہ جاننا D. باورچیوں کا ہڑتال پر ہونا

4. مضمون ''قصہ بلٹ ٹرین کا'' میں جاپانی اور ہندوستانی ٹرینوں کا تقابلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ ذیل میں سے کون سی خصوصیت ہندوستانی ٹرینوں کے لیے منفرد ہے، جو جاپانی بلٹ ٹرین میں نہیں پائی جاتی؟
A. وقت کی پابندی B. مسافروں کے درمیان سماجی تعامل
C. خودکار بریک سسٹم D. صاف ستھرا ماحول

5. ڈرامہ ''چھتری'' میں پہلے آدمی کا چھتری کے بارے میں اس قدر تفصیل سے بات کرنے کا مقصد۔
A. لوگوں کو چھتری خریدنے کی ترغیب دینا B. اپنے بارے میں معلومات دینا
C. دوسرے آدمی کو دھوکہ دینا D. بارش کے دوران گفتگو کو طول دینا

**(ب) قوسین میں دیے گئے مناسب مترادف کے استعمال سے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔** 5X1=5

(آسمان ، اُمید ، غم، آواز، بلندی ، ہمیشہ)

6. اقبال = ________________

7. الم = ________________

8. چرخ = ________________

9. صدا = ________________

10. توقع = ________________

**(ج) "الف" اور "ب" کو جوڑ کر اضداد بنائیے۔** 5X1=5

| الف | | ب | |
|---|---|---|---|
| 11. | نہاں | i. | منفی |
| 12. | مثبت | ii. | گدا |
| 13. | عرش | iii. | انجام |
| 14. | آغاز | iv. | عیاں |
| 15. | شاہ | v. | فرش |

**(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔** 5X1=5

16. عالم کا دار و مدار کس پر ہے ؟

17. مباحثہ اور تکرار میں کس کو ہاتھ سے جانے نہیں دینا چاہیے ؟

18. پرائیویٹ خلائی جہاز بنانے کی پہل کس نے کی ؟

19. ممتاز شیریں کا پڑھا ہوا آخری ناول کونسا تھا؟

20. ہوش میں آنے کے بعد نارائن نے خود کو کہاں پایا؟

# حصہ ۔ ”ب“

**II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** 4X2=8

21. کالکلوت سے مراد کیا ہے ؟ اگر یہ عقل میں سما جائے تو کیا ہوتا ہے ؟
22. مرزا نے اپنے دیرینہ باورچی کو منہ زور اور بد تمیز کیوں بنایا؟
23. جاپانی، ٹرین کا سفر کس طرح کرتے ہیں ؟
24. ممتاز شیریں کی صمد شاہین سے شادی ہونے میں کس بات کو بڑا دخل تھا؟
25. عطف کے واؤ پر کیا نہیں لکھا جاتا، مثالوں کے ساتھ لکھیے۔
26. وینکٹ رامن کون تھا اور اس نے اپنا تعارف کیسے کرایا؟

**(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی تین کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** 3X2=6

27. اللہ تعالیٰ کی قدرت کے نمونے کیا ہیں ؟
28. حضور اکرمؐ کی فصاحت کو شاعر نے کس مثال سے واضح کیا ہے ؟
29. وقت کی ناقدری کا انجام کیا ہوتا ہے ؟
30. زندگی کس کی مالک اور کس کی فاتح ہے ؟
31. پھول کہاں کہاں مہکتے ہیں؟
32. آج کا انسان کتاب پڑھنے کے بجائے کیا کرتا ہے ؟

**(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** 1X2=2

33. "اندھیر ہے کچھ اتنا" کے بیان کو موجودہ سماجی حالات میں کیسے سمجھا جا سکتا ہے ؟
34. نظم میں " نیلے گگن میں جیسے چاندی کا اک کبوتر " کے ذریعے کیا پیغام دیا گیا ہے ؟

**III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔** 2X4=8

35. حضورِ اکرمؐ کی زندگی سادگی کا بہترین نمونہ ہے۔ وضاحت کیجیے ؟
36. سلیم نے طوفان، بارش اور بجلی سے بچنے کی کونسی دعائیں بتائیں ؟
37. خلائی سیاحت کے حوالے سے پیدا ہونے والے معاشرتی مسائل پر تبصرہ کریں۔ کیا یہ سیاحت صرف امیروں کے لیے ہے ؟ اس کا انسانیت کے مستقبل پر کیا اثر پڑے گا ؟
38. ڈرامہ ”چھتری“ کے کردار پہلے آدمی کی گفتگو سے اس کی شخصیت کے بارے میں کیا معلومات حاصل ہوتی ہیں؟

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. ''واہ یوں نہیں یوں ہے۔ وہ کہتا ہے واہ تم کیا جانو۔''

40. ''صاحب! آج کل وفادار مالک کہاں ملتے ہیں۔''

41. ''یوں بھی جاپان اور ہندوستان کا کیا مقابلہ۔ ہمارا ملک چھوٹا ہے اور آپ کا ملک عظیم۔''

42. ''یہ اسپتال میں مرنے والوں کی لاوارث لاشیں ڈالنے کی جگہ ہے۔ مردہ گھر!!''۔

## حصہ - ''ج''

IV. 43. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. دنیا دار المکافات ہے  ii. ایک نوجوان کے نام  iii. کرناٹک

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. سینکڑوں حرف ہیں گرہِ دل میں
پر کہاں پایئے لبِ اظہار

ii. جہاں میں ہو غم و شادی بہم ہمیں کیا کام
دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کے شاد نہیں

iii. جو پھر جائے اس بے وفا سے تو جانوں
کہ دل پر نہیں زور چلتا کسی کا

iv. اک طرزِ تغافل ہے سو وہ ان کو مبارک
اک عرضِ تمنا ہے سو ہم کرتے رہیں گے

v. میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

45. کسی ایک رباعی کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. تھے کیک کی فکر میں سو روٹی بھی گئی
چاہی تھی شئے بڑی سو چھوٹی بھی گئی
واعظ کی نصیحتیں نہ مانیں آخر
پتلون کی تاک میں لنگوٹی بھی گئی

ii. کچھ وقت سے اک بیج شجر ہوتا ہے
کچھ روز میں اک قطرہ گہر ہوتا ہے
اے بندۂ ناصبور تیرا ہر کام
کچھ دیر میں ہوتا ہے مگر ہوتا ہے

## حصہ ''د''

V. 46. ذیل میں سے کسی چار مرکبات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. نامہذب  ii. حسنِ سلوک  iii. سرائے فانی

iv. ردِ عمل  v. خود کفیل  vi. منزلِ مقصود

47. مندرجہ ذیل الفاظ کی جنس پہچانیے۔ 1X2=2

غصہ مالکن بارش بخار

48. ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیے۔ 1X2=2

[پُر] [بے] [گاہ] [ستان]

49. ان کے مفعول لکھیے۔ 2X1=2

i. علم ii. جابر

50. حمد یا غزل کی تعریف بیان کیجیے۔ 1X2=2

51. ذیل کے جملوں کا اُردو زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. Work is worship.

ii. I am proud to be an Indian.

iii. Silver is cheaper than Gold.

iv. Urdu is our mother tongue.

---